Maulana Azad National Urdu University
B.A. V Semester Examination, January 2023
UGUR501GET- Intekhab-E-Zuban-O-Adab-I

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، دوم، سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **01** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **06** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر: 1

(i) ''چند ہم عصر'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) مولوی عبدالحق (b) عصمت جاوید (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) الطاف حسین حالی

(ii) سرسید احمد خاں کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(a) علی گڑھ (b) غازی پور (c) دہلی (d) بجنور

(iii) سجاد حیدر یلدرم کا انشائیہ ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(a) پرانا خواب (b) زہرا (c) آسیب الفت (d) خیالستان

(iv) مثنوی سحرالبیان میں جنوں کے بادشاہ کے بیٹے کا نام ہے۔

(a) بے نظیر (b) فیروز شاہ (c) انجم شاہ (d) مسعود شاہ

(v) اکبرالہ آبادی کا پورا نام کیا ہے؟

(a) سید اکبر حسین رضوی (b) اکبر حیدری (c) سید عقیل رضوی (d) محمد اکبر

(vi) حبیب تنویر کے ڈرامہ ''آگرہ بازار'' میں اردو کے کس مشہور شاعر کا ذکر ہے؟

(a) اکبرالہ آبادی (b) نظیر اکبرآبادی (c) مرزا غالب (d) میر تقی میر

(vii) چلنے والے نکل گئے ہیں
جو ٹھہرے ذرا، کچل گئے ہیں

علامہ اقبال کے اس شعر کا تعلق ان کی کس نظم سے ہے؟

(a) بچے کی دعا (b) پرندے کی فریاد (c) خضر راہ (d) چاند اور تارے

P.T.O.

(viii) ’’پنڈت گھاسی رام‘‘ کس افسانے کا کردار ہے؟

(a) کفن (b) منتر (c) نجات (d) دوبیل

(ix) میر تقی میرؔ کا انتقال کس شہر میں ہوا؟

(a) لکھنو (b) آگرہ (c) دہلی (d) رامپور

(x) مرزا غالبؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(a) لکھنو (b) آگرہ (c) دہلی (d) رامپور

حصہ دوم

2۔ مضمون نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

3۔ مثنوی ’’سحرالبیان‘‘ کا خلاصہ بیان کیجیے۔

4۔ میر تقی میرؔ کی حالات زندگی قلم بند کیجیے۔

5۔ مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری کی چند اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ مضمون ’’بحث وتکرار‘‘ کا خلاصہ بیان کیجیے۔

7۔ اکبرالہ آبادی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصراً بیان کیجیے۔

8۔ رباعی کسے کہتے ہیں؟ چند اہم رباعی گوشعرا کے نام لکھیے۔

9۔ افسانہ کی تعریف اور اس کے آغاز وارتقا پر مختصراً روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ نظم کی تعریف بیان کیجیے اور اس کی مختلف اقسام کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

11۔ اقبالؔ کی نظم ’’چانداور تارے‘‘ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

12۔ مثنوی کے فن اور اس کے اجزائے ترکیبی کا بیان کیجیے۔

13۔ افسانہ ’’نجات‘‘ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

14۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اس درد کی دوا کیا ہے
ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الہٰی یہ ماجرا کیا ہے
میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں — کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے
جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود — پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے
یہ پری چہرہ لوگ کیسے ہیں — غمزہ و عشوہ و ادا کیا ہے
شکن زلف عنبریں کیوں ہے — نگہ چشم سرمہ سا کیا ہے

☆☆☆